احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

روزنامہ
ٹیلی فون نمبر: 213029
C.P.L 29
الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com

بدھ 13 اکتوبر 2004ء 27 شعبان 1425 ہجری 13 اخاء 1383 ہش جلد 54-89 نمبر 232

برائی سے بچنے کی دعا

حضرت ابوبکرؓ کی درخواست پر آنحضرت ﷺ نے انہیں صبح وشام پڑھنے کیلئے یہ دعا سکھائی۔

اے اللہ زمین وآسمان کے پیدا کرنے والے غیب اور حاضر کو جاننے والے۔ ہر چیز کے رب اور مالک میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ میں اپنے نفس اور شیطان کے شر اور شرک سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔ اور اس بات سے بھی کہ میں کسی برائی میں مبتلا ہو جاؤں یا کسی مسلمان کو گزند پہنچاؤں۔

(جامع ترمذی کتاب الدعوات حدیث نمبر:3452)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

دیکھو! یاد رکھنے کا مقام ہے کہ بیعت کے چند الفاظ جو زبان سے کہتے ہو کہ میں گناہ سے پرہیز کروں گا۔ یہی تمہارے لئے کافی نہیں ہیں اور نہ صرف ان کی تکرار سے خدا راضی ہوتا ہے بلکہ خدا تعالیٰ کے نزدیک تمہاری اس وقت قدر ہو گی جبکہ دلوں میں تبدیلی اور خدا تعالیٰ کا خوف ہو؛ ورنہ ادھر بیعت کی اور جب گھر میں گئے تو وہی برے خیالات اور حالات رہے تو اس سے کیا فائدہ؟ یقیناً مان لو کہ تمام گناہوں سے بچنے کے لئے بڑا ذریعہ خوف الٰہی ہے اگر یہ نہیں ہے تو ہرگز ممکن نہیں کہ انسان ان سب گناہوں سے بچ سکے جو کہ اسے مصری پر چیونٹیوں کی طرح چمٹے ہوئے ہیں۔ مگر خوف ہی ایک ایسی شئے ہے کہ حیوانات کو بھی جب ہو تو وہ کسی کا نقصان نہیں کر سکتے۔ مثلاً بلی جو کہ دودھ کی بڑی حریص ہے۔ جب اسے معلوم ہو کہ اس کے نزدیک جانے سے سزا ملتی ہے پرندوں کو جب علم ہو کہ اگر یہ دانہ کھایا تو جال میں پھنسے اور موت آئی، تو وہ اس دودھ اور دانہ کے نزدیک نہیں پھٹکتے۔ اس کی وجہ صرف خوف ہے۔ پس جبکہ لایعقل حیوان بھی خوف کے ہوتے ہوئے پرہیز کرتے ہیں تو انسان جو عقلمند ہے، اسے کس قدر خوف اور پرہیز کرنا چاہئے۔ یہ امر بہت ہی بدیہی ہے کہ جس موقعہ پر انسان کو خوف پیدا ہوتا ہے اس موقعہ پر وہ جرم کی جرأت ہرگز نہیں کرتا۔

مثلاً طاعون زدہ گاؤں میں اگر کسی کو جانے کو کہا جاوے، تو کوئی بھی جرأت کر کے نہیں جاتا حتیٰ کہ اگر حکام بھی حکم دیویں تو بھی ترساں اور لرزاں جائے گا اور دل پر یہ ڈر غالب ہو گا کہ کہیں مجھ کو بھی طاعون نہ ہو جاوے اور وہ کوشش کرے گا کہ مفوضہ کام کو جلد پورا کر کے وہاں سے بھاگے۔

پس گناہ پر دلیری کی وجہ بھی خدا کے خوف کا دلوں میں موجود نہ ہونا ہے۔ لیکن یہ خوف کیونکر پیدا ہو۔ اس کے لئے معرفت الٰہی کی ضرورت ہے۔ جس قدر خدا تعالیٰ کی معرفت زیادہ ہو گی اسی قدر خوف زیادہ ہو گا۔

(ملفوظات جلد چہارم ص 95)

رمضان میں درس القرآن

احباب کی آگاہی کے لئے اعلان کیا جاتا ہے کہ درس القرآن فرمودہ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ یکم رمضان المبارک سے ہر روز پاکستانی وقت کے مطابق سہ پہر 4:00 سے شام 30-5 بجے تک سوائے جمعہ کے نشر ہوگا۔ یہ درس انگریزی زبان میں ہوگا اگر اس درس کا اردو ترجمہ نشر ہوا تو یہ ترجمہ کیبل کے چینل 22 پر نشر ہوگا جہاں K.World آ رہا ہے اور ربوہ میں کیبل کے چینل 9 پر جہاں انڈس میوزک نشر ہو رہا ہے سارا دن تلاوت قرآن کریم نشر ہوا کرے گی۔ احباب خود بھی اس سے مستفید ہوں اور اپنے دوستوں کو بھی اس سے مستفید کریں۔

(شعبہ سمعی بصری نظارت اشاعت)

خصوصی درخواست دعا

احباب جماعت سے جملہ اسیران راہ مولا کی جلد اور باعزت رہائی نیز مختلف مقدمات میں ملوث افراد جماعت کی باعزت بریت کے لئے درمندانہ درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے ان بھائیوں کو اپنی حفظ وامان میں رکھے ہر شر سے بچائے۔

رمضان المبارک کے پروگرام

رمضان المبارک کے دوران MTA پر ہر اتوار کو براہ راست سوال و جواب ہوا کریں گے یہ پروگرام ہر اتوار کو 1:30GMT بمطابق 6:30 بجے شام (پاکستانی وقت) شروع ہوا کرے گا۔ سوالات رمضان المبارک کے حوالے سے نماز، نماز تراویح، روزہ، اعتکاف اور رمضان کے دیگر مسائل کے بارے میں پوچھے جا سکتے ہیں۔ سوال و جواب پوچھنے کے لئے درج ذیل فیکس، فون اور ای میل کے ذریعہ رابطہ کریں۔

فون: 00 44 208 870 0922
فیکس: 00 44 208 870 0684
ای میل: ramadhan@mta.tv

(نظارت اشاعت)

مشعل راہ

ایمان کے دعویٰ کے ساتھ اللہ کے متقی بن جاؤ

حضرت حکیم مولانا نورالدین صاحب (خلیفۃ المسیح الاول) نے 27 جنوری 1899ء کو خطبہ جمعہ میں سورۃ الحشر آیت 19 تا 21 کی تلاوت کرنے کے بعد فرمایا۔

یہ کلمات طیبات جن کو میں نے ابھی پڑھا ہے قرآن شریف کی آیتیں ہیں جو خدا تعالیٰ کا کامل کلام ہے۔ ان پاک آیتوں میں تاکید یہ ہوتی ہے۔ کہ (۔) لوگو! گو مومن کہلاتے ہو (اور تم اس بات کو جانتے ہو کہ اللہ تعالیٰ گندوں اور ناپاک لوگوں کو پسند نہیں کرتا۔ وہ پاک ہے۔ پس وہ قدوس خدا پاکیزگی اور طہارت چاہتا ہے) تو پھر اس دعوائے ایمان کے ساتھ متقی بن جاؤ۔ اور متقی بھی ظاہر کے نہیں۔ اس لئے نہیں کہ لوگ تمہیں متقی اور پرہیزگار کہیں یا مجلسوں میں تمہاری تعریف کریں۔ نہیں! نہیں!! اتقوا اللہ اللہ تعالیٰ کے متقی بنو۔ متقی کے لئے یہ ضروری باتیں ہیں۔

اولاً ہر ایک کام جب کرو، اٹھتے، بیٹھتے، چلتے، پھرتے، دشمنی میں، دوستی میں، عداوت اور محبت میں مقدمہ ہو یا صلح ہو، غرض ہر حالت میں یہ امر خوب ذہن نشین رکھو کہ نہیں معلوم موت کی گھڑی کس وقت آ جاوے۔ وہ کونسا وقت ہو گا جب دنیا سے اٹھ جاویں گے اور اس وقت ماں، باپ، بیوی، بچے، دوست، یار، کنبے کے بڑے بڑے، ہمدردی کا دم بھرنے والے انسان، مال، دولت، غرض کوئی چیز نہ ہو گی جو اس وقت ساتھ دے سکے۔ اس وقت اگر کوئی چیز ساتھ جا سکے گی تو وہ وہی انسان کا عمل ہو گا خواہ اچھا ہو، خواہ برا ہو اور جیسا عمل ہو گا ویسا ہی اس کا پھل ملے گا۔

جیسے تم ہر روز دنیا میں دیکھتے ہو کہ ایک زمیندار گیہوں کے بیج بو کر جو، یا جو بو کر گنے کا پھل نہیں لے سکتا پس اسی طرح پر جیسے عمل ہوں گے، بدلہ ان کے ہی موافق اور رنگ کا ہو گا۔ یہی سچی بات ہے کہ بھلے کام کا پھل دنیا اچھا اٹھاتی ہے۔ پس یہ بات ضرور ضرور یاد رکھو کہ جن کی خاطر انسان عداوتیں اور دشمنیاں کرتا ہے اور مکر و فریب اور کیا کیا شرارتیں کرتا ہے، وہ اس آخری ساعت میں اس کے ساتھ نہ جائیں گی۔ اکیلا ہی آیا ہے اور اکیلا ہی چلا جائے گا۔ بادشاہوں کی بادشاہت، امیروں کی امارت، دوستوں کی دوستی، کنبہ، گھر، پڑوس، گاؤں اور سارے شہر کے رشتہ دار یہیں رہ جاتے ہیں۔ پس ان ساری باتوں کو غور کرو اور موت کی آنے والی اور یقیناً آنے والی اور نہ ٹلنے والی گھڑی کا خیال رکھو اور اس خیال کے ساتھ ہی کل کا فکر آج کرو اور اپنے اعمال کا محاسبہ اور پڑتال کر لو کیونکہ نیک بدلہ تب ہی ملے گا جب کہ اعمال بھی نیک ہوں گے۔

ثانیاً۔ متقی کے لئے ضروری ہے کہ اس کا ایمان سچا ایمان ہو اور اس کے عقائد نیک عقائد ہوں اور پھر اس پر اعمال بھی نیک ہوں۔ ایمان کے اصول صاف ہیں۔ قدوس اور پاک خدا قدوسیت چاہتا ہے۔ ناپاک انسان پاک ذات سے تعلق پیدا نہیں کر سکتا۔ تم اپنے اندر اس بات کو دیکھو کہ کیا کوئی بھلا مانس اور شریف پسند کرتا ہے کہ وہ بدمعاش اور بدنام آدمیوں کے ساتھ ملے اور تعلق پیدا کرے۔ پھر اس پر قیاس کرو کہ وہ خدا جو قدوسوں کا قدوس اور پاک ہے جو تمام محامد اور خوبیوں کا مجموعہ اور سرچشمہ ہے کب پسند کر سکتا ہے کہ گندے اور ناپاک لوگ اس سے تعلق رکھ سکیں۔ پس اگر خدا سے رشتہ قائم رکھنا چاہتے ہو اور اس کو خوش کرنا پسند کرتے اور ضروری سمجھتے ہو تو خود بھی پاک ہو جاؤ اور اس پر سچا ایمان لاؤ کہ تمام محامد اور تعریفوں اور خوبیوں کے لئے وہی ایک پاک ذات سزاوار ہے۔ جس طرح سے اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق پر رحم کرتا اور شفقت اور پیار کی نگاہ سے دیکھتا ہے تم بھی اس کی مخلوق کے ساتھ سچی محبت اور حقیقی شفقت کرو اور رحم اور ہمدردی کے ساتھ ایک دوسرے کے ساتھ برتاؤ کرو۔ میں پھر کہتا ہوں سوچو اور غور کرو کہ تقویٰ کے سوا فائدہ نہیں۔ خدا تعالیٰ نے صاف صاف لفظوں میں اس بات کو کھول کھول کر بیان کیا ہے کہ مغرب یا مشرق کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنا ہی نیکی نہیں بلکہ سچا ایمان خدا کو مطلوب ہے۔ اس لئے اس بات پر ایمان لاؤ کہ وہ خدا قدوس ہے، تمام رحمتوں، بزرگیوں اور سچائیوں کا سرچشمہ ہے اور اس کے قرب کے لئے ضروری ہے کہ ہم بھی اللہ تعالیٰ کی ان صفات کا پورا لحاظ رکھیں۔

خدا تعالیٰ کی صفت ہے کہ بدکار اور غافل بھی اس کی ربوبیت سے فیض پاتے ہیں اور حصہ لیتے ہیں۔ پس تم بھی خدا کی مخلوق کے ساتھ مہربانی، نیکی اور سلوک کرنے میں مسلم، غیر مسلم کی قید اٹھا دو اور تمام بنی نوع انسان سے جہاں تک ممکن ہو احسان کرو۔ خدا **رب العالمین** ہے۔ یہ بھی **رحیم للعالمین** ہو جاوے۔ پس یہ تقویٰ ہے۔

(خطبات نور ص 1 تا 3)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر / امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

ولادت

مکرم مرزا اعمر احمد صاحب نائب صدر عمومی و مکرمہ سیدہ امۃ الکافی صاحبہ سیکرٹری صحت جسمانی لجنہ اماء اللہ پاکستان لکھتی ہیں کہ ان کی بیٹی ڈاکٹر امۃ الجمیل فریحہ صاحبہ اور ڈاکٹر قمر احمد حماد خان صاحب کو خدا تعالیٰ نے مورخہ 4۔ اکتوبر 2004ء کو لندن میں پہلی بیٹی سے نوازا ہے۔ بچی کا نام حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے از راہ شفقت ''سبیقہ حماد'' عطا فرمایا ہے۔ نومولودہ تحریک وقف نو میں شامل ہے۔ بچی مکرمہ امۃ الحئی خان احمد صاحبہ اور ڈاکٹر حامد اللہ خان صاحب کی پوتی ہے۔ بچی چونکہ آپریشن کے ذریعہ ہوئی ہے لہٰذا احباب جماعت سے زچہ و بچہ دونوں کی صحت و تندرستی والی لمبی زندگی اور جلد شفایابی کیلئے درخواست دعا ہے۔

ولادت

مکرم محمد اختر صاحب معلم وقف جدید لکھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے میرے ہم زلف مکرم طارق محمود خان صاحب کوئٹہ کو مورخہ 6/ اگست 2004ء کو تیسری بیٹی سے نوازا ہے۔ بچی کا نام عفیفہ خان تجویز ہوا ہے۔ بچی مکرم ناصر محمود خان مرحوم دارالنصر شرقی ربوہ کی پوتی اور مکرم ماسٹر محمد ظفر اللہ صاحب ڈوگر آف نانو ڈوگر ضلع لاہور کی نواسی ہے۔ احباب جماعت سے درخواست ہے اللہ تعالیٰ بچی کو صحت و سلامتی والی زندگی عطا فرمائے اور والدین کیلئے قرۃ العین بنائے۔

اعلان داخلہ

لارنس کالج گھوڑا گلی مری نے اکیڈمک سیشن 2005ء کیلئے کلاس I.viii میں داخلے کا اعلان کیا ہے۔ ٹیسٹ اور انٹرویو جنوری 2005ء میں ہو گا۔ درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ 15 نومبر 2004ء ہے۔ مزید معلومات کیلئے روزنامہ جنگ مورخہ 9/ اکتوبر 2004ء ملاحظہ کریں۔

کالج آف نرسنگ لاہور، اسلام آباد اور کراچی نے ایک سالہ پوسٹ بلیک اسپیشلائزڈ نرسنگ ایجوکیشنل پروگرامز میں داخلے کا اعلان کیا ہے۔ درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ 25/ اکتوبر 2004ء ہے مزید معلومات کیلئے روزنامہ جنگ مورخہ 9/ اکتوبر 2004ء ملاحظہ کریں۔

(نظارت تعلیم)

تقریب شادی

☆ مکرم صدیق احمد منور صاحب مربی سلسلہ لکھتے ہیں کہ خاکسار کے بیٹے مکرم انجینئر محمد احمد منور صاحب کی برات مورخہ 19 ستمبر 2004ء کو اسلام آباد گئی۔ دلہن مکرمہ مدیحہ طاہر صاحبہ کے والد مکرم شیخ محمد ابراہیم طاہر صاحب سابق ڈپٹی ڈائریکٹر ایگریکلچر بینک آف پاکستان نے رائل پیلس ہوٹل میں رخصتانہ کی تقریب کا اہتمام کیا۔ اس موقع پر مکرم حنیف احمد محمود صاحب مربی ضلع اسلام آباد نے دعا کرائی۔ اگلے روز 20 ستمبر کو انصار اللہ پاکستان کے لان میں دعوت ولیمہ کا انعقاد کیا گیا جس میں مہمان خصوصی محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی نے دعا کرائی۔ محمد احمد منور صاحب کا نکاح مورخہ 30 ستمبر 2003ء کو مکرم حافظ مظفر احمد صاحب ایڈیشنل ناظر اصلاح و ارشاد نے مبلغ ڈیڑھ لاکھ روپے حق مہر پر بیت احمد فیکٹری ایریا ربوہ میں پڑھا تھا۔ دولہا حضرت میاں مہر الدین صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کا پوتا اور مکرمہ مدیحہ طاہر صاحبہ مکرم شیخ رحمت اللہ صاحب مرحوم کی پوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ یہ شادی جانبین کے لئے خوشیوں اور برکتوں کا باعث بنائے۔ آمین

اعلان دارالقضاء

(مکرم ملک عبدالمنان خاں صاحب وغیرہ بابت ترکہ مکرم ملک عبداللہ خان صاحب وغیرہ)

مکرم ملک عبدالمنان خاں صاحب ساکن باب الابواب ربوہ نے درخواست دی ہے کہ میرے والد مکرم ملک عبداللہ خان صاحب اور والدہ محترمہ ہاجرہ بی بی صاحبہ دونوں بقضائے الٰہی وفات پا چکے ہیں۔ قطعات نمبر 37/1 برقبہ 18 مرلے اور 39/1 برقبہ ایک کنال واقع محلّہ باب الابواب محترم والد صاحب کے نام ہیں۔ جبکہ قطعہ نمبر 38/1 برقبہ ایک کنال محلّہ باب الابواب محترمہ والدہ صاحبہ کے نام ہے۔ ان کے ورثاء ہم دو بھائی اور ایک بہن ہیں۔ لہٰذا یہ تینوں قطعات درج ذیل تفصیل سے ہم تینوں کے نام منتقل کر دیئے ہیں۔

(1) قطعہ نمبر 37/1 بنام مکرم ملک عبدالمنان خان صاحب (بیٹا) (2) قطعہ نمبر 38/1 بنام مکرم ملک عبدالحنان خان صاحب (بیٹا) (3) قطعہ نمبر 39/1 بنام محترمہ اختر النساء صاحبہ (بیٹی)۔

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ اگر کسی وارث یا غیر وارث کو اس انتقال پر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دارالقضاء ربوہ میں اطلاع دیں۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

فضل احمد شاہد صاحب

تعارف کتب حضرت مسیح موعود

لیکچر لاہور

لیکچر لاہور حضرت مسیح موعود کا ایک لیکچر ہے جو 3 ستمبر 1904ء کو لاہور کے ایک عظیم الشان جلسہ میں پڑھا گیا۔ اس لیکچر کے لئے احباب لاہور نے پہلے سے اشتہار دیا تھا اور اس کا بہت چرچا تھا۔ اس لیکچر کو 12 ہزار سے زائد افراد نے سنا۔ لیکچر سنانے کی سعادت حضرت مولانا عبدالکریم صاحب سیالکوٹی کو حاصل ہوئی۔ یہ لیکچر تین گھنٹہ میں ختم ہوا۔ مولانا عبدالکریم صاحب سیالکوٹی جب لیکچر پڑھتے تھے تو لوگوں پر محویت کا عالم طاری ہو جاتا تھا اور جب دوران لیکچر قرآن مجید کی تلاوت فرماتے تو لوگ لحن داؤدی سے جھوم جاتے اور مجمع پر ایک سناٹا سا چھا جاتا۔ حضور کا یہ لیکچر پڑھے جانے سے قبل ہی ایک رسالہ کی شکل میں میاں معراج الدین صاحب عمر سیکرٹری انجمن فرقانیہ و حکیم شیخ نور محمد صاحب مالک ہمدم صحت لاہور نے رفاہ عام سٹیم پریس لاہور سے شائع کر دیا تھا۔

حضرت مسیح موعود نے اس لیکچر میں ملک کے تین مذاہب دین حق، عیسائیت اور آریہ مذہب کا موازنہ فرما کر دین حق کی برتری ثابت فرمائی ہے۔ لیکچر کے دوسرے حصہ میں حضور نے اپنا دعویٰ پیش فرمایا۔ اس ایمان افروز لیکچر کی بعض خاص باتیں درج ذیل ہیں۔

سچا مذہب

حضرت مسیح موعود سچے مذہب کی علامات بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

”سچے مذہب کی نشانیوں میں سے یہ ایک عظیم الشان نشانی ہے کہ خدا تعالیٰ کی معرفت اور اس کی پہچان کے وسائل بہت سے اس میں موجود ہوں تا انسان گناہ سے رک سکے اور تا وہ خدا تعالیٰ کے حسن و جمال پر اطلاع پا کر کامل محبت اور عشق کا حصہ لیوے اور تا وہ قطع تعلق کی حالت کو جہنم سے زیادہ سمجھے۔“ (صفحہ:12)

معرفت کاملہ

حضرت مسیح موعود معرفت کاملہ کی اہمیت بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

”اے پیارو! یہ نہایت سچا اور آزمودہ فلسفہ ہے کہ انسان گناہ سے بچنے کے لئے معرفت تامہ کا محتاج ہے نہ کسی کفارہ کا۔ میں سچ سچ کہتا ہوں کہ اگر نوحؑ کی قوم کو وہ معرفت تامہ حاصل ہوتی جو کامل خوف کو پیدا کرتی ہے تو وہ کبھی غرق نہ ہوتی۔ اور اگر لوطؑ کی قوم کو وہ پہچان بخشی جاتی تو ان پر پتھر نہ برستے۔ اور اگر اس ملک کو ذات الٰہی کی وہ شناخت عطا کی جاتی جو بدن پر خوف سے لرزہ ڈالتی ہے تو اس پر طاعون سے وہ تباہی نہ آتی جو آگئی...... اے سست ہمتو! اور طلب حق میں کاہلو تم تھوڑی معرفت سے اور تھوڑی محبت سے اور تھوڑے خوف سے کیونکر خدا کے بڑے فضل کے امیدوار ہو سکتے ہو۔ گناہ سے پاک کرنا خدا کا کام ہے اور اپنی محبت سے دل کو پُر کر دینا اسی قادر و توانا کا فعل ہے اور اپنی عظمت کا خوف کسی دل میں قائم کرنا اسی جناب کے ارادہ سے وابستہ ہے۔ اور قانون قدرت قدیم سے ایسا ہی ہے کہ یہ سب کچھ معرفت کاملہ کے بعد ملتا ہے اور خوف اور محبت اور قدردانی کی جڑ معرفت کاملہ ہے۔ پس جس کو معرفت کاملہ دی گئی اس کو خوف اور محبت بھی کامل دی گئی۔ اور جس کو خوف اور محبت کامل دی گئی اس کو ہر ایک گناہ سے جو بے باکی سے پیدا ہوتا ہے نجات دی گئی۔ پس ہم اس نجات کے لئے نہ کسی خون کے محتاج ہیں اور نہ کسی صلیب کے حاجتمند اور نہ کسی کفارہ کی ہمیں ضرورت ہے بلکہ ہم صرف ایک قربانی کے محتاج ہیں جو اپنے نفس کی قربانی ہے جس کی ضرورت کو ہماری فطرت محسوس کر رہی ہے۔“ (صفحہ:5)

عمل صالح

مامور زمانہ اس لیکچر میں عمل صالح کی تعریف کرتے ہوئے سورۃ کہف آیت 111 کی روشنی میں فرماتے ہیں:۔

”جو شخص چاہتا ہے کہ اسی دنیا میں اس خدا کا دیدار نصیب ہو جائے جو حقیقی خدا ہے اور پیدا کنندہ ہے۔ پس چاہئے کہ وہ ایسے نیک عمل کرے جن میں کسی قسم کا فساد نہ ہو۔ یعنی عمل اس کے نہ لوگوں کے دکھلانے کے لئے ہوں نہ ان کی وجہ سے دل میں تکبر پیدا ہو کہ میں ایسا ہوں اور ایسا ہوں اور نہ وہ عمل ناقص اور ناتمام ہوں اور نہ ان میں کوئی ایسی بدبو ہو جو محبت ذاتی کے برخلاف ہو بلکہ چاہئے کہ صدق اور وفاداری سے بھرے ہوئے ہوں۔“ (صفحہ 8)

توبہ کی حقیقت

توبہ کے مضمون پر روشنی ڈالتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

”پس اٹھو اور توبہ کرو اور اپنے مالک کو نیک کاموں سے راضی کرو..... تم خدا سے صلح کرلو وہ نہایت درجہ کریم ہے ایک دم کے گداز کرنے والی توبہ سے ستر برس کے گناہ بخش سکتا ہے۔ اور یہ مت کہو کہ توبہ منظور نہیں ہوتی۔ یاد رکھو کہ تم اپنے اعمال سے کبھی بچ نہیں سکتے۔ ہمیشہ فضل بچاتا ہے نہ اعمال۔ اے خدائے کریم و رحیم ہم سب پر فضل کر کہ ہم تیرے بندے اور تیرے آستانہ پر گرے ہیں۔“ (صفحہ:28)

سیرت رسول پاکؐ

حضرت مسیح موعود رسول کریم ﷺ کی سیرت کا نقشہ ان الفاظ میں کھینچتے ہیں:۔

”وہ نبی اور رسول اور صاحب کتاب اور صاحب شریعت جس کی شریعت پر سب شریعتوں کا خاتمہ ہے اس کی سوانح کی طرف نگاہ کرو کہ کس طرح تیرہ برس تک مکہ میں تنہائی اور غربت اور بے کسی کے عالم میں منکروں کے ہاتھ سے تکلیفیں اٹھائیں اور کیونکر تحقیر اور ہنسی اور ٹھٹھے کا نشانہ بنتے رہے اور آخر مکہ سے بڑے ظلم اور تعدی سے نکالے گئے۔ کس کو خبر تھی کہ آخر وہ کروڑہا انسانوں کا امام اور پیشوا بنایا جاوے گا۔“ (صفحہ:34)

بعثت کی اغراض

حضرت مسیح موعود اپنی بعثت کی اغراض پر روشنی ڈالتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

”وہ کام جس کے لئے خدا نے مجھے مامور فرمایا ہے وہ یہ ہے کہ خدا میں اور اس کی مخلوق کے رشتہ میں جو کدورت واقع ہو گئی ہے اس کو دور کر کے محبت اور اخلاص کے تعلق کو دوبارہ قائم کروں اور سچائی کے اظہار سے مذہبی جنگوں کا خاتمہ کر کے صلح کی بنیاد ڈالوں۔ اور وہ دینی سچائیاں جو دنیا کی آنکھ سے مخفی ہو گئی ہیں ان کو ظاہر کردوں۔ اور وہ روحانیت جو نفسانی تاریکیوں کے نیچے دب گئی ہے اس کا نمونہ دکھاؤں اور خدا کی طاقتیں جو انسان کے اندر داخل ہو کر توجہ یا دعا کے ذریعہ سے نمودار ہوتی ہیں حال کے ذریعہ سے نہ محض مقال سے ان کی کیفیت بیان کروں اور سب سے زیادہ یہ کہ وہ خالص اور چمکتی ہوئی توحید جو ہر ایک قسم کی شرک کی آمیزش سے خالی ہے جو اب نابود ہو چکی ہے اس کا دوبارہ قوم میں دائمی پودا لگا دوں اور یہ سب کچھ میری قوت سے نہیں ہوگا بلکہ اس خدا کی طاقت سے ہوگا جو آسمان اور زمین کا خدا ہے میں دیکھتا ہوں کہ ایک طرف تو خدا نے اپنے ہاتھ سے میری تربیت فرما کر اور مجھے اپنی وحی سے شرف بخش کر میرے دل میں یہ جوش بخشا ہے کہ میں اس قسم کی اصلاحوں کے لئے کھڑا ہو جاؤں اور دوسری طرف اس نے دل بھی تیار کر دیئے ہیں جو میری باتوں کو ماننے کے لئے مستعد ہوں۔“ (صفحہ:34)

ایک انقلاب عظیم کی خبر

حضرت مسیح موعود اپنے لیکچر میں ایک انقلاب عظیم کی خبر دیتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

”میں دیکھتا ہوں کہ جب خدا نے مجھے دنیا میں مامور کر کے بھیجا ہے اسی وقت سے دنیا میں ایک انقلاب عظیم ہو رہا ہے۔ یورپ اور امریکہ میں جو لوگ عیسیٰ کی خدائی کے دلدادہ تھے اب ان کے محقق خود بخود اس عقیدہ سے علیحدہ ہوتے جاتے ہیں اور وہ قوم جو باپ دادوں سے بتوں اور دیوتوں پر فریفتہ تھی بہتوں کو ان میں سے یہ بات سمجھ میں آ گئی ہے کہ بت کچھ چیز نہیں ہیں اور گو وہ لوگ ابھی روحانیت سے بے خبر ہیں اور صرف چند الفاظ کو رسمی طور پر لئے بیٹھے ہیں لیکن کچھ شک نہیں کہ ہزارہا بیہودہ رسوم اور بدعات اور شرک کی رسیاں انہوں نے اپنے گلے سے اتار دی ہیں اور توحید کی ڈیوڑھی کے قریب کھڑے ہو گئے ہیں۔ میں امید کرتا ہوں کہ کچھ تھوڑے زمانہ کے بعد عنایت الٰہی ان میں سے بہتوں کو اپنے ایک خاص ہاتھ سے دھکہ دے کر سچی اور کامل توحید کے اس دارالامان میں داخل کر دے گی جس کے ساتھ کامل محبت اور کامل خوف اور کامل معرفت عطا کی جاتی ہے۔ یہ امید میری محض خیالی نہیں ہے بلکہ خدا کی پاک وحی سے یہ بشارت مجھے ملی ہے۔ اس ملک میں خدا کی حکمت نے یہ کام کیا ہے۔ تا جلد تر متفرق قوموں کو ایک قوم بنادے اور صلح اور آشتی کا دن لاوے۔ ہر ایک کو اس ہوا کی خوشبو آرہی ہے کہ یہ تمام متفرق قومیں کسی دن ایک قوم بننے والی ہیں۔“ (صفحہ:35)

نادار اور غریب طلباء کی امداد سے اللہ کے فضل کا حصول

جماعت احمدیہ کو خدا تعالیٰ کے فضل سے یہ اعزاز حاصل ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی حاصل کرنے کے لئے چھوٹی سے چھوٹی نیکی کا موقع بھی ضائع نہیں ہونے دیتی۔ جہاں یہ ایک عظیم نیکی ہے۔ وہاں قرآن کریم اور آنحضور ﷺ کا فرمان بھی ہے۔ کہ ہر مرد و عورت کے لئے علم کا حصول لازمی ہے۔ اور خدا کے فضل سے جماعت احمدیہ ایک ایسی جماعت ہے جو پڑھے لکھے افراد کی جماعت شمار ہوتی ہے۔ اور اس جماعت میں ایسے افراد بھی ہیں جو اپنے بچوں کو تعلیم کے زیور سے آراستہ نہیں کر سکتے۔ ایسے نادار مستحق اور غریب طلباء کے لئے صدر انجمن احمدیہ ربوہ میں ایک شعبہ (امداد طلبہ) قائم ہے۔ یہ شعبہ خالصۃً افراد جماعت کی طرف سے عطیات کے ذریعے کام کرتا ہے۔ اس لئے احباب جماعت سے درخواست ہے کہ اس کار خیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور نادار اور غریب طلبہ کی تعلیم کے لئے اس فنڈ میں رقوم بھجوائیں تا کہ کوئی طالب علم تعلیم کے زیور سے محروم نہ رہ سکے۔ اللہ تعالیٰ آپ کے خلوص میں بہت زیادہ برکت دے آمین۔ یہ عطیات براہ راست نگران امداد طلباء (نظارت تعلیم) یا خزانہ صدر انجمن احمدیہ بمد امداد طلباء بھجوائے جا سکتے ہیں۔

(نظارت تعلیم)

صحبت صالحین کی افادیت، ذرائع اور غیر معمولی برکات

آنحضرت ﷺ کی پاک صحبت سے صحابہ کی استعدادیں بیدار ہوئیں اور پھر ان کی نشوونما ہوئی

ہر ایک نیک فطرت کی جبلت میں یہ بات داخل ہے کہ وہ چاہتا ہے کہ اس کی بدیاں دور ہوں اور اس میں خوبیاں پیدا ہوں لیکن اس مقصد کے حاصل کرنے کے لئے خالی مجاہدات کافی نہیں بلکہ اس کا اصل ذریعہ صحبت صالحین ہے۔ صحابہ کی مثال لے لیں کس طرح آنحضرت ﷺ کی پاک صحبت نے ان پر حیرت انگیز اثر کیا اور ان کی پاک استعدادیں بیدار ہوئیں اور ان کی کمال درجہ نشوونما ہوئی۔ وہ جو ایک دوسرے کے دشمن تھے، اللہ نے ان کے دلوں کو آپس میں باندھ دیا، ان کے دلوں میں جو بھی کینے تھے انہیں نکال کر باہر پھینکا اور وہ آپس میں بھائی بھائی بن گئے۔ آپس میں بے انتہاء رحم کرنے والے وجود بن گئے۔ بدی کے مقابلے میں بہت سخت ہو گئے اور خدا کی توحید کو دنیا بھر میں پھیلانے کے لئے کمربستہ ہو گئے پھر جو کوئی بھی ان کی صحبت میں آیا وہ ان کی مانند پاک اور اعلیٰ صلاحیتوں والا وجود بن گیا اور انہوں نے دنیا کے ہر میدان میں کارہائے نمایاں سرانجام دیئے۔ صحبت صالحین کا قلیل عرصہ کئی سالوں کی تربیت کا باعث بن گیا۔

ایک لمحہ کی انقلابی تاثیر

حضرت مرزا شریف احمد صاحب بیان کرتے ہیں:۔

''ایک کشمیری دوست حاجی عمر ڈار صاحب ناسنوری...... کشمیر سے حج کی غرض سے روانہ ہوئے تو پنجاب آ کر پتہ چلا کہ کسی وباء کے پھوٹنے کی وجہ سے حکومت نے حج پر جانے والوں کے لئے پابندی لگا دی ہے۔ اس پر وہ واپس کشمیر جانے کا پروگرام بنا رہے تھے کہ حضرت مولوی عبدالکریم صاحب سیالکوٹی جو کشمیر سے ان کے واقف تھے، غالباً سیالکوٹ میں ان کو ملے۔ انہوں نے تمام حالات سننے کے بعد کہا کہ آؤ میں تمہیں ایسی جگہ لے چلوں جہاں تمہاری نیت بھی پوری ہو جائے گی۔ چنانچہ حضرت مولوی صاحب ہی انہیں ساتھ لے کر قادیان آئے۔ حضور کی مجلس میں جونہی یہ پہنچے، حضور نے (ایک) آیت قرآنی کا درس شروع فرما دیا اور آپ نے فرمایا کہ بعض لوگ ساری نیکیاں بجا لاتے ہیں۔ صوم وصلوٰۃ کی پابندی بھی کرتے ہیں، زکوٰۃ بھی دیتے ہیں اور حج کا ارادہ بھی رکھتے ہیں مگر اپنے بہن بھائیوں اور اپنے رشتہ داروں کا خیال نہیں رکھتے۔ یہ عجیب اتفاق ہے کہ حاجی عمر ڈار صاحب ایک مدت سے اپنے چھوٹے بھائی کا حصہ جائیداد دبائے بیٹھے تھے اور انہیں نہیں دیتے تھے۔ اس سے ایسے متاثر ہوئے کہ قادیان سے ہی انہوں نے اپنے بھائی کے نام انہیں جائیداد کا حصہ دینے کا خط لکھ دیا اور کشمیر جاتے ہی عملاً بھی اس کا حصہ ادا کر دیا۔ یہ اس تاثیر قدسیہ کی ایک معمولی سی مثال ہے جو اللہ تعالیٰ کے ماموروں اور برگزیدہ انسانوں کو عطا کی جاتی ہے۔ حضرت مولانا روم نے خوب فرمایا ہے کہ ؎

ساعتے در صحبت اہل صفا
بہتر از صد سالہ اطاعت بے ریاء

کہ اللہ تعالیٰ کے پیاروں اور دوستوں اور اس کے ساتھ صدق وصفا کا تعلق رکھنے والوں کی صحبت اور مجلس کا ایک لمحہ اور ایک ساعت بھی اپنے روحانی نتائج اور تاثیرات کے اعتبار سے انسان میں انقلاب پیدا کر سکتی ہے۔''

(بحوالہ داستان کشمیر از خواجہ عبدالغفار ڈار صاحب، ص 317)

نیکوں کے ساتھ تعلق پیدا کرنے کی افادیت

حضرت مفتی محمد صادق صاحب بھیروی تحریر فرماتے ہیں:۔

''1899ء کا ذکر ہے عاجز ان دنوں لاہور میں ملازم تھا۔ کسی رخصت کی تقریب پر حضرت مسیح موعود کی خدمت میں حاضر ہوا۔ فرمایا قرآن شریف میں آیا ہے (-) اس نے نجات پائی جس نے اپنے نفس کا تزکیہ کیا۔ تزکیہ نفس کے واسطے صحبت صالحین اور نیکوں کے ساتھ تعلق پیدا کرنا بہت مفید ہے۔ جھوٹ وغیرہ اخلاق رذیلہ دور کرنے چاہئیں اور جو راہ پر چل رہا ہے اس سے راستہ پوچھنا چاہئے۔ اپنی غلطیوں کو ساتھ ساتھ درست کرنا چاہئے جیسا کہ غلطیاں نکالنے کے بغیر املاء درست نہیں ہوتا ویسا ہی غلطیاں نکالنے کے بغیر اخلاق بھی درست نہیں ہوتے۔ آدمی ایسا جانور ہے کہ اس کا تزکیہ ساتھ ساتھ ہوتا رہے تو سیدھی راہ پر چلتا ہے ورنہ بھٹک جاتا ہے۔''

(ذکر حبیب، ص 237)

مرشد اور مرید کا روحانی تعلق

حضرت مفتی محمد صادق صاحب کی ہی روایت ہے کہ حضرت مسیح موعود فرمایا کرتے تھے مرشد کے ساتھ مرید کا تعلق ایسا ہونا چاہئے جیسا کہ ایک مرد کے ساتھ عورت کا تعلق ہوتا ہے کہ مرید مرشد کے کسی حکم کا انکار نہ کرے اور اس کی دلیل نہ پوچھے۔ دل کی پاکیزگی حاصل نہیں ہو سکتی جب تک کہ انسان منہاج نبوت پر آئے ہوئے کسی پاک انسان کی صحبت میں نہ بیٹھے۔ پیغمبر الوہیت کے مظہر اور خدانما ہوتے ہیں۔''

(ذکر حبیب، ص 189)

غم دور کرنے کا ذریعہ

حضرت مفتی محمد صادق صاحب بیان کرتے ہیں کہ:۔

''عاجز راقم کا اور اکثر احباب کا یہ تجربہ تھا کہ جب کبھی طبیعت میں کسی وجہ سے کوئی غم پیدا ہوتا تو ہم حضرت مسیح موعود کی مجلس میں جا بیٹھتے تو غم دور ہو جاتا اور طبیعت میں بشاشت اور فرحت پیدا ہو جاتی۔''

(ذکر حبیب، ص 162)

خلافت ثالثہ میں 1974ء کے ابتلاء میں جو لوگ سخت غم کی حالت میں خلیفۂ وقت کو ملنے آتے تھے جب وہ مل کر باہر نکلتے تو ان کی باچھیں خوشی اور بشاشت سے کھلی ہوتی تھیں۔ اس کا ذکر کرتے ہوئے حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے خود فرمایا:۔

''انسانی نفس کا یہ خاصہ ہے کہ وہ بعض دفعہ مشکلات کے وقت گھبرا جاتا ہے اس لئے بعض چہروں پر کچھ گھبراہٹ اور پریشانی بھی نظر آتی تھی لیکن اللہ تعالیٰ کی توفیق کے ساتھ دو تین یا چار پانچ احمدی احباب جن سے میں ان دنوں روزانہ اجتماعی ملاقات کیا کرتا تھا، جب وہ میری مجلس سے اٹھتے تو ان کے چہروں پر بشاشت کھیل رہی ہوتی تھی اور وہ چھلانگیں مارتے ہوئے واپس چلے جاتے تھے۔''

(افتتاحی خطاب جلسہ سالانہ ربوہ، فرمودہ 26 دسمبر 1974ء)

صحبت صالحین کی برکات

اس سلسلہ میں حضرت مسیح موعود کی چند تحریرات درج ذیل ہیں:۔

فرمایا: جب انسان ایک راستباز اور صادق کے پاس بیٹھتا ہے تو صدق اس میں کام کرتا ہے لیکن جو راستبازوں کی صحبت کو چھوڑ کر بدوں اور شریروں کی صحبت کو اختیار کرتا ہے تو ان میں بدی اثر کرتی جاتی ہے۔ (ملفوظات جلد سوم، ص 507)

فرمایا: صادقوں کی صحبت میں ایک خاص اثر ہوتا ہے ان کا نور صدق واستقلال دوسروں پر اثر ڈالتا ہے اور ان کی کمزوریوں کو دور کرنے میں مدد دیتا ہے۔

(ملفوظات جلد ہفتم)

فرمایا: چونکہ صحبت کا اثر ضرور ہوتا ہے اس لئے ایک راستباز کی صحبت میں رہ کر انسان راستبازی سیکھتا ہے اور اس کے پاک انفاس کا اندر ہی اندر اثر ہونے لگتا ہے جو اس کو خدا تعالیٰ پر ایک سچا یقین اور بصیرت عطا کرتا ہے اس صحبت میں صدق دل سے رہ کر خدا تعالیٰ کی آیات اور نشانات کو دیکھتا ہے جو ایمان کو بڑھانے کے ذریعے ہیں۔ (ملفوظات جلد سوم، ص 506)

فرمایا: پس وہ عظیم ذریعہ جس سے ایک چمکتا ہوا یقین حاصل ہو اور خدا تعالیٰ پر بصیرت کے ساتھ ایمان قائم ہو ایک ہی ہے کہ انسان ان لوگوں کی صحبت اختیار کرے جو خدا تعالیٰ کے وجود پر زندہ شہادت دینے والے ہوں۔ (ملفوظات جلد سوم)

سیرت النبیؐ کے جلسے

حضرت مسیح موعود ایک مکتوب میں تحریر فرماتے ہیں:۔

''اس جلسہ اظہار سوانح میں درحقیقت بڑے فوائد ہیں۔ ان سوانح کے سننے سے محبان رسولؐ کا وقت خوش ہوگا اور ہر ایک مرد طالب جب ان سوانح کے ذریعہ سے ہمت اور صدق اور استقامت کے کام سنے گا تو اس کو بھی ہمت اور صدق اور استقامت کی طرف شوق بڑھے گا...... سوانح طیبہ نبویہؐ ایک لشکر مسلح کی مانند ہے جن کے سننے سے دل قوی ہو جاتا ہے اور تخویفات شیطانی سے نجات ملتی ہے اور حدیث صحیح میں ہے۔

عند ذکر الصلحین تتنزل الرحمة یعنی ذکر صالحین کے وقت رحمت الٰہی نازل ہوتی ہے پھر نبی کریم ﷺ کے ذکر کے وقت کس قدر نازل ہوگی۔ (اخبار البدر، 24 مئی یکم جون 1904ء)

جماعت احمدیہ کا جلسہ سالانہ

حضرت مسیح موعود بانی جماعت احمدیہ عالمگیر نے جلسہ سالانہ کی بنیاد اذن الٰہی سے 1891ء میں رکھی اور فرمایا:۔

''تمام مخلصین داخلین سلسلہ بیعت اس عاجز پر ظاہر ہو کہ بیعت کرنے سے غرض یہ ہے کہ تا دنیا کی محبت ٹھنڈی ہو اور اپنے مولیٰ کریم اور رسول مقبول ﷺ کی

محبت دل پر غالب آجائے اور ایسی حالت انقطاع پیدا ہوجائے جس سے سفر آخرت مکروہ معلوم نہ ہو لیکن اس غرض کے حصول کے لئے صحبت میں رہنا اور ایک حصہ اپنی عمر کا اس راہ میں خرچ کرنا ضروری ہے تا اگر کسی برہان یقینی کے مشاہدہ سے کمزوری اور ضعف اور کسل دور ہو اور یقین کامل پیدا ہوکر ذوق اور شوق اور ولولہ عشق پیدا ہوجائے سو اس بات کے لئے ہمیشہ فکر رکھنا چاہئے اور دعا کرنا چاہئے کہ خدا تعالیٰ یہ توفیق بخشے...... لہٰذا قرین مصلحت معلوم ہوتا ہے کہ سال میں تین روز ایسے جلسہ کے لئے مقرر کئے جائیں جس میں تمام مخلصین اگر خدا تعالیٰ چاہے بشرط صحت وفرصت وعدم موانع قویہ تاریخ مقررہ پر حاضر ہوسکیں......"

(آسمانی فیصلہ)

"اور مکرر لکھا جاتا ہے کہ اس جلسہ کو معمولی انسانی جلسوں کی طرح خیال نہ کریں یہ وہ امر ہے جس کی خالص تائید حق اور اعلائے کلمہ (دین) پر بنیاد ہے۔ اس سلسلہ کی بنیادی اینٹ خدا تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے رکھی ہے اور اس کے لئے قومیں طیار کی ہیں جو عنقریب اس میں آملیں گی۔" (مجموعہ اشتہارات جلد اول)

"اس جلسہ سے مدعا اور مطلب یہ تھا کہ ہماری جماعت کے لوگ کسی طرح بار بار کی ملاقاتوں سے ایک ایسی تبدیلی اپنے اندر حاصل کریں کہ ان کے دل آخرت کی طرف بکلی جھک جائیں اور ان کے اندر خدا تعالیٰ کا خوف پیدا ہو اور وہ زہد اور تقویٰ اور خداترسی اور پرہیزگاری اور نرم دلی اور باہم محبت اور مؤاخات میں دوسروں کے لئے ایک نمونہ بن جائیں اور انکسار اور تواضع اور راستبازی ان میں پیدا ہو اور دینی مہمات کے لئے سرگرمی اختیار کریں۔" (شہادت القرآن)

کتب مسیح موعود اور الیکٹرانک میڈیا

جیسا کہ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے خطبہ جمعہ فرمودہ 11 جون 2004ء میں فرمایا ہے صحبت صالحین کا ایک ذریعہ مطالعہ کتب حضرت مسیح موعود بھی ہے۔ حضرت مسیح موعود کی کتب، ملفوظات اور مجموعہ اشتہارات کی اب تو کمپیوٹر سی ڈیز یعنی Compact Discs بھی موجود ہیں جن کی مدد سے کمپیوٹر پر بغیر دقت کے کسی بھی کتاب کا کوئی بھی صفحہ نکال کر پڑھا جاسکتا ہے اور اس طرح ان انمول خزائن سے کماحقہ، استفادہ کیا جاسکتا ہے۔

حضرت امام جماعت احمدیہ کے ایم ٹی اے پر خطبات بھی امام وقت سے ایک عظیم روحانی ملاقات اور ان برکات کا باعث ہیں جو صحبت صالحین سے حاصل ہوتی ہیں۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی مجالس علم وعرفان، درس القرآن کی کلاسیں اور سوال وجواب اور ہومیو پیتھک طریقہ علاج کی کلاس اور پرزور

مولی کا فارسی نام ترب، بنگلہ مولا، سندھی موری، عربی فجل انگریزی نام ریڈش ہے۔ مولی پاک وہند کی مشہور ومعروف ترکاری ہے۔ موسم گرما کے آخر میں اس کی کاشت ہوتی ہے۔ موسم سرما کے آتے ہی

حکیم منور احمد عزیز صاحب

مولی کا استعمال اور اس کے فوائد

یہ معدہ، بواسیر اور ذیابیطس کے لئے مفید ہے

مولیاں بازار میں عام ملنا شروع ہوجاتی ہیں۔ جو سارا موسم ملتی رہتی ہیں۔ پہاڑی علاقہ میں ہر موسم میں ملتی رہتی ہے۔ اور اس کی کاشت ہوتی رہتی ہے۔ فوائد کے لحاظ سے سردی یعنی موسم سرما کی مولی زیادہ بہتر خیال کی جاتی ہے۔ ذائقہ قدرے تیز ہوتا ہے۔ نمک لگا کر کھائی جاتی ہے۔ مولی کا مزاج گرم تر درجہ دوم لیکن بعض اسے درست نہیں مانتے حکماء کا اس میں اختلاف ہے۔ جالینوس کے نزدیک یہ دوسرے درجہ میں گرم خشک ہے۔ مولی ریتلی زمین میں بڑی وزنی بھی ہوجاتی ہے۔ صحت مند مولی کا وزن نصف کلو تک ہوتا ہے۔ لیکن مولیاں بڑی بڑی وزنی بھی ہوجاتی ہیں۔ ایک سے دو تین کلو تک وزن ہوجاتا ہے۔ زیادہ وزنی مولی اندر سے اسفنجی صورت اختیار کرجاتی ہے۔ یعنی پھوگی ہوجاتی ہے۔ جس سے اس کی افادیت میں کمی ہوجاتی ہے۔ اس کی جڑ کے چھلکے میں پتوں کی نسبت گرمی زیادہ پائی جاتی ہے۔

مولی دو قسم کی ہوتی ہے۔ جنگلی وبستانی، مولی مدربول، مدرحیض کا سر ریاح اور ہاضم غذا ہے۔ اسے سلاد کے طور پر کھانے سے کھانے کو جلدی ہضم کرتی ہے لیکن خود دیر سے ہضم ہوتی ہے۔ مولی کو غذا سے پہلے نہیں کھانا چاہئے۔ مولی بواسیر کے مریضوں کے لئے

خطبات وتقاریر ایم ٹی اے کی رونق ہیں اور علم وعرفان کی ترقی اور غیر معمولی برکات کا باعث ہیں۔

عمدہ چیز ہے۔ مولی کا زیادہ استعمال معدہ اور حلق کو نقصان پہنچاتا ہے۔ اس لئے اسے نمک، شہد، سرکہ اور زیرہ سفید کے ساتھ استعمال کرنا چاہئے مولی کے پھل کو مونگرے کہتے ہیں۔ اسے بھی سبزی کے طور پر پکایا جاتا ہے۔ یہ سنگ گردہ مثانہ اور بواسیر کے لئے بہتر تصور کیا جاتا ہے۔

مولی میں کیمیائی تجزیہ سے حسب ذیل غذائی اجزاء پائے گئے ہیں۔ پانی 49.4% ، پروٹینز 0.74% ، روغنی حصہ 0.1% ، نشاستہ وشکر 4.2% چونا 0.5% ، فاسفورس 0.3% ، لوہا 0.4% اور بھی کافی اجزاء اس میں پائے جاتے ہیں۔ مولی کا کدوکش کرکے مناسب مقدار کے ساتھ مرچ، نمک، زیرہ اور مصالحہ ڈال کر روٹی کے اندر لگا کر لذیذ پراٹھہ پکایا جاتا ہے۔ یہ جلدی ہضم ہوجاتا ہے۔ اور پیٹ کو نرم کرتا ہے۔

مولی کثرت سے استعمال کرنا مرض ذیابیطس کے لئے فائدہ مند ہے۔ مولی کے استعمال سے پیشاب میں شکر آنا بند ہوجاتا ہے۔ مولی چہرہ کی رنگت کو نکھارتی اور خوبصورت بناتی ہے۔ اگر مولی کا چھلکا چہرہ کی چھائیوں کے مقام پر ملیں تو چھائیاں دور کرکے چہرہ کو خوبصورت بنادیتی ہے۔ حکماء مولی کا نمک تیار کرتے ہیں جو بہت سے امراض معدہ وجگر میں استعمال ہوتا ہے۔ مولی کا پانی بچھو پر ڈالا جائے تو بچھو مرجاتا ہے۔ بچھو کے کاٹے ہوئے ڈنگ پر مولی کا پانی لگایا جائے تو درد فوراً بند ہوجاتا ہے۔ سنا ہے کہ مولی کا پانی ہاتھ کو لگا کر بچھو کو پکڑ لیں تو وہ ڈنگ نہیں مارتا بلکہ خود مرجاتا ہے (اس کا تجربہ کرکے نہیں دیکھا) مولی کے پتوں سے حشرات الارض بھاگ جاتے ہیں۔ تخم مولی جالی ہونے کی وجہ سے بیرونی طور پر چہرہ کی سیاہی چھائیں۔ برص کو دور کرکے چہرہ کا رنگ صاف کرنے کے لئے مناسب ادویات کے ہمراہ پیس کر ضماد کرتے ہیں۔ تخم مولی اچھے ابٹنوں کا جزو اعظم خیال کیا جاتا ہے۔

امام وقت کی خدمت میں دعائیہ خطوط

صحبت صالحین کا ایک اور طریقہ امام وقت کی خدمت میں دعائیہ خطوط ارسال کرنا ہے۔ مثل مشہور ہے کہ خط آدھی ملاقات کا مرتبہ رکھتا ہے۔ حضرت مسیح موعود کے زمانے کی تحریرات سے ثابت ہوتا ہے کہ حضور خود بیعت کنندگان کو بعض اوقات نصیحت فرماتے تھے کہ روزانہ پوسٹ کارڈ لکھتے رہیں (پہلے لفافوں کا بہت کم رواج تھا عموماً پوسٹ کارڈ ہی لکھے جاتے تھے) چنانچہ حضور کی خدمت میں عشاق کے جو خط آئے ان میں سے بعض کا نمونہ کے طور پر آپ نے اپنی کتب میں ذکر بھی فرمایا ہے بلکہ بعض خطوط کو من وعن اپنی کتب میں شامل فرمایا ہے۔ بعض رفقاء مسیح موعود نے ان تبرکات کو خود بھی شائع کیا ہے جیسا کہ حضرت مفتی محمد صادق صاحب نے اپنی کتاب ذکر حبیب میں بعض اپنے خطوط اور ان کے ساتھ حضرت مسیح موعود کے بعض جوابی خطوط شائع کئے ہیں۔ مکتوبات احمد کے نام سے حضرت مسیح موعود کے حضرت خلیفہ اول اور بعض اور رفقاء کے نام خطوط شائع شدہ ہیں۔

خونی پیچش

ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل سے ماخوذ

"گرمیوں کے خشک موسم میں خونی پیچش ہوجائے تو ایکونائیٹ چوٹی کی دوا ہے جو خشک گرمی اور خشک سردی دونوں میں کام کرتی ہے"۔

(صفحہ 396,395)

سید مبارک علی صاحب

ایک قدم اور

☆صلیبی جنگوں کے دور میں جب یورپ کی افواج عالم اسلام پر حملہ آور ہوئیں تو جنگجو حملہ آوروں کے دستور کے مطابق یورپ کی پراپیگنڈہ مشینری بھی حرکت میں آگئی اور ایک زبردست مہم تقریر وتحریر کے ذریعہ اسلام اور بانیٔ اسلام ﷺ اور قرآن مجید کے خلاف شروع کردی گئی۔

☆سترھویں اٹھارویں اور انیسویں صدی میں جب یورپ کی استعماری طاقتوں نے اپنے لشکروں سمیت مشرق کی طرف بڑھنا شروع کیا تو چونکہ مشرق وسطیٰ کی غالب آبادی مسلمانوں پر مشتمل تھی۔ افریقہ میں بڑی بھاری تعداد میں مسلمان تھے۔ انڈونیشیا مسلمان ملک تھا۔ ہندوستان اور چین میں بھی خاصی مسلم آبادی تھی اس لئے مستشرقین یورپ نے اسلام کے خلاف اپنی زبردست مہم جاری رکھی۔

☆جب مشرق ومغرب کے میل جول میں اضافہ ہوا تو مغرب میں جو صاحب ضمیر لکھنے والے تھے ان میں یہ احساس بیدار ہونا شروع ہوا کہ مغرب میں جس رنگ میں اسلام کو پیش کیا جاتا ہے وہ تصویر درست نہیں اور بہت آہستہ آہستہ مستشرقین میں ایسے صاحب قلم نکلنے لگے جو کچھ کچھ اسلام کی نسبتاً کم گھناؤنی تصویر اپنی تحریرات میں پیش کرنے لگے۔

☆اس ضمن میں غالباً سب سے آخری نام Karen Armstrong کا ہے جو 7 سال تک ایک رومن کیتھولک خانقاہ میں راہبہ کے طور پر رہ کر اب وہاں کی زنجیریں توڑ کر باہر نکلی ہیں اور اب Leo Barck کالج میں تعلیم دیتی ہیں۔ مغرب کے اہل قلم ہی سے انہوں نے صداقت کی طرف ایک بڑا قدم اٹھایا ہے اور اگرچہ وہ صدیوں کے تعصّبات اور غلط فہمیوں کی زنجیروں کو پوری طرح نہیں توڑسکیں مگر انہوں نے اپنی تازہ کتاب میں جو حضور ﷺ کے اسم گرامی سے لکھی ہے مغرب کے جہاد وغیرہ بہت سے اعتراضات کی تردید کی ہے اور ع

آرہا ہے اس طرف احرار یورپ کا مزاج

کی ایک جھلک ان کی کتاب میں نظر آتی ہے۔

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہوتو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

(سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ربوہ)

